صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

مباحثات

بروز سوموار مورخہ **24** نومبر **2014**ء

(بمطابق یکم صفر **1436** ہجری)

جلد **15** شمارہ **12**

سرکاری رپورٹ

مندرجات	صفحہ نمبر
1۔تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ	550
2۔رسمی کارروائی	551
3۔۔نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات	559
4۔اراکین کی رخصت	573
5۔تحاریک التواء	573
6۔توجہ دلاؤ نوٹس ہا	587
7۔ہنگامی قانون کا ایوان کی میز پر رکھا جانا	594
8۔مسودہ قانون کا زیر غور لایا جانا	596
9۔مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا سروس ٹربیونل مجریہ 2014 کا متعارف کرایا جانا	596

10۔ مسودہ قانون (ترمیمی) مجریہ 2014 کا متعارف کرایا جانا (ایمرجنسی ریسکیو سروسز) **597**

11۔ مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا **597**

صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 24 نومبر 2014ء بمطابق یکم صفر 1436 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطَانِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قَدۡ خَلَتۡ مِن قَبۡلِكُمۡ سُنَنٞ فَسِيرُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُكَذِّبِينَ O هَٰذَا بَيَانٞ لِّلنَّاسِ وَهُدٗى وَمَوۡعِظَةٞ لِّلۡمُتَّقِينَ O وَلَا تَهِنُواْ وَلَا تَحۡزَنُواْ وَأَنتُمُ ٱلۡأَعۡلَوۡنَ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ۔ صَدَقَ ٱللَّهُ ٱلۡعَظِيم۔

(ترجمہ): تم لوگوں سے پہلے بھی بہت سے واقعات گزر چکے ہیں تو تم زمین کی سیر کر کے دیکھ لو کہ جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا۔ یہ (قرآن) لوگوں کیلئے بیان صریح اور اہل تقویٰ کیلئے ہدایت اور نصیحت ہے۔ اور (دیکھو) بے دل نہ ہونا اور نہ کسی طرح کا غم کرنا اگر تم مومن (صادق) ہو تو تم ہی غالب رہو گے۔

و آخِرُ الدعَوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: مفتی، کوئسچنز آور، کوئسچنز آور۔ ہں کریم صاحب، کریم بابک، کریم بابک صاحب۔

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): جناب! میں ایک ضروری بات کرنا چاہتا ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، کریم بابک صاحب۔ وہ ایک ایشو Highlight کرنا چاہتے ہیں۔

جناب عبدالکریم: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔

قائد حزب اختلاف: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: ہں جی، کوئسچن سے پہلے یہ ایک بات کرنا چاہتے ہیں، Basically میں نے۔۔۔۔

رسمی کارروائی

جناب عبدالکریم: شکریه جناب سپیکر صاحب. پرون د شپې جی ساړهې تین بجو ټائم کښې زمونږ د ضلع صوابۍ معزز رکن سلیم، بابر سلیم صاحب په کور باندې د دروازې مخې ته یو بم اوغورځولې شو چې هغې سره د هغوی هغه ګیټ او کورته هم جزوی نقصان، شکر دے چې الله پاک خیر کړے دے، څه جانی نقصان نه دے شوے. دا هاؤس او مونږ ټول ملګری د دې مذمت کوؤ او Concerned authority او حکومت ته زمونږ د دې هاؤس د طرف نه دا خواست دے چې په دې سخت ایکشن واخلی چې دا د صوابۍ د امن وامان خرابولو وړومبے Step دے. ډیره مهربانی.

جناب سپیکر: عنایت خان۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: یہ Respond کر لیں، اس کے بعد۔

محترمہ نگہت اورکزئی: اسی سے Related بات کرنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: جی جی، میڈم، میڈم!

محترمہ نگہت اورکزئی: جی، شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ ہم تمام لوگ اس بات کی شدید مذمت کرتے ہیں اور صوابی نہیں بلکہ میرا خیال ہے اس ہاؤس کا ہر رکن اسمبلی جو ہے، چاہے وہ ادھر کے ہیں یا ادھر کے ہیں، ان کے ساتھ یہ حادثات پیش آرہے ہیں لیکن اس پہ انتظامیہ بالکل خاموش بیٹھی ہوئی ہے اور کسی قسم کا اس پہ ایکشن نہیں ہو رہا۔ جناب سپیکر صاحب، جو میں نے پوائنٹ آف آرڈر پہ بات کرنے کی اجازت چاہی تھی، وہ یہ ہے کہ اسی کے ساتھ Related یہ ہے کہ ہمارا جو بم ڈسپوزل سکواڈ ہے جناب سپیکر صاحب! اس

میں Over four hundred لوگ جو ہیں وہ کام کر رہے ہیں لیکن اس میں صرف چالیس لوگ جو ہیں وہ صرف گورنمنٹ کے Payroll پہ ہیں، باقی لوگ جو ہیں، اگر خدانخواستہ وہ اگر Expire ہو جائیں یا کچھ ہو جائے تو ان کیلئے کوئی کسی قسم کا وہ نہیں ہے، تواسلئے سر! اسی سے Related بات ہے کیونکہ جہاں پہ بھی بم تلاش ہوتا ہے یا جہاں پہ ملتا ہے تو یہ لوگ جاتے ہیں، تو میں نے آپ کے توسط سے ہاؤس میں یہ بات رکھ دی ہے۔ تو ہم اس واقعے کی بھی مذمت کرتے ہیں اور اس کو بھی اگر دیکھ لیا جائے تو مہربانی ہو گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب مولانا صاحب، مولانا صاحب، مولانا صاحب!

<u>قائد حزب اختلاف:</u> بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ ایک تو میں اس واقعے کی، ہم اپوزیشن کی طرف سے شدید اس کی مذمت بھی کرتے ہیں اور بارہا مذمت ہر واقعے پہ ہوتی، آپ کے سامنے ہوتا ہے لیکن اس کا کوئی مداوا نہیں ہو پا رہا ہے جناب سپیکر، تو ایک تو یہ ضروری ہے کہ اس طرح کے واقعات جو رونما ہو رہے ہیں اور ان کی تفصیلات اور آج کل کے جو حالات ہیں، اس حوالے سے بھی تو یہ انتہائی افسوسناک واقعہ ہوا ہے اور اس پہ گورنمنٹ کو چاہیئے کہ اس کا بھرپور طور پہ کوئی انکوائری ہونی چاہیئے اور وہ معلومات ہونی چاہیئے اور ان لوگوں تک رسائی ہونی چاہیئے تاکہ وہ پکڑ میں آسکیں اور دوبارہ اس طرح کے واقعات نہ ہو سکیں جناب سپیکر! میں تھوڑا سا آپ سے ٹائم چاہوں گا کہ پچھلے دنوں بھی جب ایجنڈے پر تھا کہ ہم نے سیاسی حالات پر بحث کرنی ہے لیکن وہ ایجنڈا تک ہم پہنچ نہیں سکے لیکن آج میں صرف دو باتوں کی طرف جانا چاہتا ہوں اور اس پر میں بات کرنا چاہتا ہوں اور آپ اس کی اجازت بھی دیں کہ میں اس پہ بات کر سکوں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> مولانا صاحب! اس کا Respond کریں عنایت خان، اس کے بعد آپ کو موقع دیتے ہیں، صرف یہ Respond کریں، جو واقعہ ہوا ہے، اس کے اوپر یہ Respond کر لیں۔

<u>قائد حزب اختلاف:</u> ٹھیک ہے، میں بعد میں بات کر لوں گا۔

<u>جناب سپیکر:</u> اس کے بعد، عنایت خان!

<u>جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}:</u> بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ ہم اس کی بھرپور مذمت کرتے ہیں، بابر سلیم صاحب ٹریژری بنچز کے ایم پی اے ہیں اور ایم پی اے لوگ خواہ ٹریژری بنچز سے تعلق رکھتے ہوں یا اپوزیشن بنچز سے، وہ دونوں معزز ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ حکومت کی Responsibility بنتی ہے کہ ان کو Protection provide کرے، سیکورٹی Provide کرے اور اس قسم کا اگر واقعہ ہوتا ہے تو ہم ان سے بھاگنا نہیں چاہتے ہیں۔ اچھی بات یہ ہے کہ یہ ہمارے لئے

لمحہ فکریہ ہے حکومت کیلئے، اس وقت صوبے کے اندر جو سیچویشن ہے، اس پر ویسے ایڈ جرنمنٹ موشن بھی موجود ہے، سکندر خان کی ایڈ جرنمنٹ موشن بھی موجود ہے، وہ جب موقع آئے گا، اس پہ بات کریں گے، اسلئے میں تفصیلی صورتحال پہ جو ہے شاید اس وقت Respond کروں گا لیکن میں ان کی طرح ان کے جذبات میں شریک ہوں اور اس کو Own کرتا ہوں۔ یہ ہم ایک ہاؤس کے لوگ ہیں، ایک ہاؤس کے لوگ ہیں اور ہماری پروٹیکشن، ہماری سیکورٹی، وہ جوائنٹ ہے، یعنی یہ نہیں ہے کہ ہم ان سے وہ ہیں، اسلئے ہوم ڈیپارٹمنٹ کے نمائندے بھی موجود ہیں، پولیس کی بھی نمائندے موجود ہیں، میں حکومت کی طرف سے ان کو انسٹرکشنز ایشو کرتا ہوں اور اس پورے ہاؤس کی اور ایوان کی تشویش ان کو مطلب یہ ہے کہ یہ وہ نوٹ کرلیں اور اس واقعے کی بھرپور اور فوری تحقیقات کرلیں اور اس کے پیچھے جو عناصر ہیں، ان تک پہنچنے کی کوشش کریں۔ جو نگہت اورکزئی صاحبہ نے بم ڈسپوزل سکواڈ کی بات کی ہے، اس کو میں نے نوٹ کرلیا ہے اور ان کا پوائنٹ ویسے Valid ہے لیکن جس چیز میں Financial implications involve ہوں، Creation of post involve ہو تو اس کا اعلان اسمبلی کے اندر نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہ میں نے نوٹ کیا ان شاء اللہ اور میں پولیس ڈیپارٹمنٹ اور ہوم ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ ملکر اس پہ ان کے ساتھ ڈسکشن کروں گا اور ویسے ان کا نکتہ جو ہے مجھے Valid لگتا ہے۔ تھینک یو ویری مچ، سر۔

<u>جناب سپیکر</u>: اس کے حوالے سے میں ایک بات، میں آپ کو، ایک دومنٹ، جیسے مجھے پتہ چلا، میں نے خود ڈی پی او سے بات کی ہے اور اس کو میں نے کہا کہ آپ نے خود Personally اس کی انکوائری کرنی ہے اور تین دن کے اندر اندر مجھے رپورٹ دینی ہے، تو میری اس کے ساتھ بات ہوچکی ہے اور ہم کسی قسم کی اس میں کوتاہی، میں نے کہا کہ کوئی کوتاہی نہ ہو، تو اس نے Commit کیا کہ تین دن کے اندر اندر میں آپ کو 'پراپر' دوں گا۔ جی، حاجی ابرار صاحب!

<u>الحاج برار حسین</u>: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: ابرار حسین صاحب!

<u>الحاج ابرار حسین</u>: شکریہ جناب سپیکر صاحب، آپ کا۔ اس طرح بات میں آپ سے، کیونکہ صوبائی اسمبلی ہمارا ایک جرگہ ہے، جس طرح عدالتوں میں بھی وکیل جاتے ہیں، ان کا بھی ایک جرگہ ہوتا ہے۔ جو میرے ساتھ زیادتی ہوئی ہے، میں آپ کو، اسی ہاؤس کو اور لوگوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ جو ہماری منسٹری گئی ہے، وہ بھی جہانگیر ترین کی وجہ سے گئی ہے، اس کا اور میرا ذاتی کیس پہلے سے چل رہا تھا، میں Proof کے ساتھ،

کوئی آدمی میڈیا والا چاہتا ہے، کوئی اور کسی جگہ جانا چاہتا ہے، جدھر بھی جانا چاہتا ہے، میں آپ کو Prove کر کے، اب میں Proofs دے سکتا ہوں۔ میرے حلقے PK-57 میں میں نے لوگوں کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ جہانگیر ترین نے دس ہزار ارب کے پتھر، میرے حلقے سے روزانہ کی بنیاد پر چالیس پچاس لاکھ اس کا جاتا ہے، میں نے الیکشن سے پہلے لوگوں کے ساتھ وعدہ کیا تھا کہ میں یہ چیز بند کروں گا اور اس کی رائلٹی میں دوں گا تناول کے لوگوں کو۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ابرار صاحب۔

الحاج ابرار حسین: آپ سر جی، سر جی، بس یہ پہلی دفعہ۔۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ کی بات سمجھ نہیں آ رہی۔

الحاج ابرار حسین: میں آپ کی وساطت سے، آپ کی طرف توجہ دلانا چاہتا ہوں، نہایت توجہ کی بات ہے، جو میرے حلقے کے لوگوں کی بات ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: دیکھیں۔۔۔۔۔

الحاج ابرار حسین: ادھر سے روزانہ پتھروں کی سو سے دو سو گاڑیاں جاتی ہیں، میں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ اس طرح کریں، اس پر ایک Written motion دے دیں۔

الحاج ابرار حسین: Written دے دیں گے، وہ بھی دے دیں گے لیکن آپ بات میری۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: نہیں، اس طرح نہیں ہوتا ناں، آپ مجھے Written میں کچھ دے دیں۔

الحاج ابرار حسین: وہ بھی دے دیں گے۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ آپ Written میں دے دیں، وہ آپ کو بتائیں، انیسہ بی بی! آپ اس کی تھوڑی جو Help چاہتے ہیں، وہ مجھے Written میں دے دیں تاکہ میں اس کو اسمبلی کے فلور پہ، مولانا صاحب، وہ میں آپ کو، انیسہ بی بی کی پھر میں کر دوں گا۔ جی جی، جی مولانا صاحب!

مولانا لطف الرحمان (قائد حزب اختلاف): بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔ میں اپنی بات زیادہ لمبی نہیں کروں گا لیکن دو چیزیں ہیں جس کی طرف میں ایوان کی توجہ بھی دلانا چاہتا ہوں اور انتہائی اہم ہے جناب سپیکر! پچھلے دنوں ایک تو واقعہ ہوا تھا ڈی آئی خان میں اور ڈی آئی خان کے ہاسپٹل میں ہوا تھا اور اس میں دو بچوں کو غلط انجکشن لگوا کر وہ موت کے منہ میں چلے گئے تھے، چونکہ اس دن بات نہیں ہو سکی، یہ چند دن پہلے کا واقعہ ہے جناب سپیکر! تو ہم سمجھتے ہیں کہ جہاں پر ہماری حکومت صحت کے انقلاب کی بات

کرتی ہے اور اس وقت ہم دنیا میں بدنامی کی طرف جارہے ہیں کہ پولیو کے حوالے سے ہمارے صوبے کے جتنے کیسز سامنے آرہے ہیں اور ہمیں ڈر ہے، یہ خطرہ ہے کہ یہ چیز اتنی زیادہ آگے جارہی ہے پوری دنیا میں کہ ہمارے اوپر پابندیاں لگ سکتی ہیں اور ہمارے علاقے کے لوگ جو دوسرے ملکوں میں مزدوری کے سلسلے میں یا بزنس کے حوالے سے وہاں پہ رہتے ہیں، تو ہمیں اس کا خطرہ ہے کہ وہ لوگ پاکستان آئیں گے اور پھر دوبارہ ان کو شاید ان ملکوں میں نہ جانے دیا جائے، تو لہذا اس چیز پر توجہ دینی چاہیئے۔ جو ہم انقلاب کی بات کرتے ہیں اور صورتحال ہماری یہ ہو کہ ہم دن بہ دن اس طرف جارہے ہیں کہ پوری دنیا میں ہم بدنامی کا باعث ہورہے ہیں کہ پولیو میں جو کیسز ہمارے صوبے کے سامنے آرہے ہیں تو جناب سپیکر! آگے ہمیں ہی وہ سب کچھ Face کرنا پڑے گا، وہ تکلیف جو اور لوگوں کو ہوگی، جن کا باہر دنیا میں آنا جانا ہوگا، ان کو جو تکالیف جناب سپیکر! اب بھی ہے اور ہر تین مہینے کے بعد اس کو دوبارہ دیکھا جاتا ہے تو ہمیں یہ ڈر ہے کہ آگے دنوں میں ہمارے اوپر، ہمارے پاکستان کے اوپر پابندیاں لگ جائیں تو اس چیز کو سامنے رکھنا چاہیئے، ہمیں اس طرح توجہ دینی چاہیئے تاکہ ہم اس مشکل سے اس صوبے کو اور اس قوم کو نکال سکیں اور دوسری بات جناب سپیکر! یہ ہے کہ پچھلے دنوں بنوں میں واقعہ ہوا تھا آئی ڈی پیز کے حوالے سے اور جو پولیس نے وہاں پہ ظلم و بربریت وہاں پہ کی اور پولیس کا ہی چند پیسوں کے لینے سے کہ لائن سے آگے پیچھے لوگوں کو کرنے کے حوالے سے جو جھگڑا ہوا اور وہاں پہ پولیس کی طرف سے جو ظلم ہوا اور زیادتی ہوئی اور پھر ان لوگوں کو، آئی ڈی پیز کو جیلوں میں ڈالا گیا جناب سپیکر! تو آپ ہمیں بتائیں، یہ ایوان کے سامنے میں یہ بات کرنا چاہتا ہوں کہ جو لوگ ہمارے مہمان ہیں، جن لوگوں نے قربانی دی اپنی قوم کیلئے، ان کے گھر جو ہیں وہ مسمار ہوچکے ہیں، ان کے گھر اس وقت زمین پر موجود نہیں ہیں جناب سپیکر! اور ہم ان کا واپس جانے کا کوئی عملی طریقہ بنائیں اور ان کو ہم وہ سہولیات پہنچائیں اور ہم اس آپریشن کو جتنا جلدی ختم کرسکیں، وہ تو اپنی جگہ پر ہے لیکن جو مسائل ان کے ہیں، ان کے مسائل میں روز بروز اضافہ ہوتا چلا جارہا ہے اور وہ ہمارے اس 'سیٹلڈ' ایریا میں اس صوبے کی سرزمین پر موجود ہیں اور ان کے ساتھ ہمارا رویہ اگر یہ ہو جناب سپیکر! تو ہم وہ کیا احساس دلانا چاہتے ہیں، ان کو کیا سوچ دلانا چاہتے ہیں کہ ہم نے یہاں پر آکر جو قربانی اپنے ملک و قوم کیلئے دی ہے تو یہاں ہم نے بھی آپ کے ساتھ وہی سلوک کرنا ہے، جو اس وقت آپ اپنا علاقہ اور اپنا گھر چھوڑ چکے ہیں جناب سپیکر!، اور پھر جناب سپیکر! میں تھوڑا سا آپ کو فگر بتانا چاہتا ہوں، اس صوبے کے حوالے سے جو پولیس کے حوالے سے ہے جناب سپیکر! کہ جس میں ہم یہ تو ضرور کہتے ہیں کہ

ہم نے پولیس کو غیر سیاسی کر دیا اور ہمیں یہ سمجھ میں نہیں آتا کہ پولیس کے غیر سیاسی کا مطلب کیا ہے؟ یعنی سیاست تو مدبرانہ فیصلوں کو کہتے ہیں، ملک و عوام کی بھلائی اور خیر خواہی میں تدبر کے فیصلے کئے جاتے ہیں جناب سپیکر! اور وہاں ہم الفاظ استعمال کرتے ہیں کہ ہم نے پولیس کو غیر سیاسی کر دیا اور پھر پورے ملک میں ایک کریڈٹ لینا چاہتے ہیں جناب سپیکر! لیکن میں آپ کو تین چار فگرز بتانا چاہتا ہوں اور وہ انتہائی ضروری ہیں۔۔۔۔۔

(عصر کی اذان)

<u>قائد حزب اختلاف</u>: جناب سپیکر، اس وقت پولیس کا جو کام ہے جناب سپیکر، وہ ہے کرائمز کو کنٹرول کرنا اور اس وقت ہمارے پچھلے دو مہینوں کا جو ریکارڈ ہے اور جو ہوم منسٹری کا ریکارڈ ہے جناب سپیکر! ہماری بھتہ خوری جو ہے، وہ 900% زیادہ ہو چکی ہے، imagine 900% کریں جناب سپیکر! دہشت گردی کے حوالے سے تیس پرسنٹ ہمارا اضافہ ہوا ہے جناب سپیکر! اور اغواء برائے تاوان میں چوالیس پرسنٹ اضافہ ہوا ہے اور ڈکیتی میں ساٹھ پرسنٹ اضافہ ہوا ہے جناب سپیکر! اور چوری میں پینسٹھ پرسنٹ اور عورتوں کے حوالے سے جو کرائمز ہیں، ان میں چالیس پرسنٹ جناب سپیکر! اضافہ ہوا ہے اور اس کے علاوہ جو لوگ ذبح کئے جاتے ہیں اور روڈوں پہ پھینکے جاتے ہیں اور یہ ٹولیاں بن چکی ہیں جناب سپیکر! جو گھروں میں جاتی ہیں، ڈاکہ ڈالتی ہیں اور ان لوگوں کے سامنے عورتوں کی عزت لوٹی جاتی ہے جناب سپیکر! اور پھر اس کے بعد قتل کر کے باہر روڈوں پہ ان کو ڈالا جا رہا ہے جناب سپیکر! یہ ہماری صورتحال ہے اور یہ جو نیوز اخبار ہے جناب! میرے خیال میں 'ڈان' نیوز کہ یہ تقریباً تین ہزار ہماری سرکولیشن تھی اس صوبے کی اور اب اس وقت سترہ سو تک آ چکی ہے اور اس کی وجہ جناب سپیکر! یہ نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں سے جو بھی پڑھا لکھا طبقہ ہے وہ یہاں سے شفٹ ہو گیا ہے، یہاں سے وہ تاجر بن کے دوسرے علاقے میں گئے ہیں اور وہاں اپنا روزگار کر رہے ہیں اور اسلام آباد میں، پنجاب میں اور سندھ کی طرف لوگ Migrate ہوئے ہیں، باہر دنیا کی طرف Migrate کر کے چلے گئے ہیں۔ تو جناب سپیکر! ہم اس پہ سیاست کریں کہ جی ہم نے پولیس کو سیاسی، غیر سیاسی کر دیا ہے اور یہاں حال یہ ہو کہ کرائمز کو جو پولیس کنٹرول کرتی ہے اور اس کی صورتحال جناب سپیکر! یہ ہو تو پھر ہم کیسے کہہ سکتے ہیں اور پھر یہ ہم سوچنے پہ مجبور ہیں کہ پھر ہم عوام کو بھی دھوکہ دے رہے ہیں، قوم کو بھی دھوکہ دے رہے ہیں، ملک کے ساتھ بھی ہم مخلص نہیں ہیں جناب سپیکر! تو یہ جو صورتحال ہے، ہمیں تو چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مولانا صاحب! سکندر خان کی ایڈ جرنمنٹ موشن ہے لاء اینڈ آرڈر کے حوالے سے، ابھی آج ایجنڈے پہ ہے، اس پہ پوری ڈسکشن کر لیں گے۔

قائد حزب اختلاف: آدھا منٹ جناب سپیکر! میں لیتا ہوں جی۔

جناب سپیکر: جی جی۔

قائد حزب اختلاف: تو ہمیں چاہیئے کہ جو ہم ضد کی سیاست کر رہے ہیں، ہمیں صوبے پہ توجہ دینی چاہیئے، ہم صوبے میں ان کرائمز کو اگر ختم کر لیں تو یہ بہت بڑا احسان ہو گا، اس قوم کے اوپر اور اس صوبے کے اوپر لیکن ہم بجائے اس کے کہ ہم اپنے صوبے پہ دھیان دیں، ان کے مسائل کو حل کریں، ہمارا صوبہ بھرپور مسائل میں الجھا ہوا ہے اور ہم مسائل کی طرف توجہ نہیں دے رہے ہیں جناب سپیکر! الزامات پہ الزامات لگائے جا رہے ہیں اور الزامات بھی جناب سپیکر! وہ لوگ لگاتے ہیں، ہم پہ وہ لوگ الزامات لگاتے ہیں جن کا نہ آگے دامن ہے اور نہ پیچھے دامن ہے۔ جناب سپیکر! بہت بہت شکریہ، جی۔

جناب سپیکر: شہرام خان، شہرام خان، شہرام خان۔

جناب شہرام خان {سینیئر وزیر (صحت)}: شکریہ۔ مولانا صاحب نے دو تین چیزوں کی طرف اشارہ کیا اور بات کی، ڈی آئی خان کے حوالے سے جو اس دن Incident ہوا کہ دو بچے غلط ویکسین کی وجہ سے جن کی Death ہوئی ہے، پہلے میڈیا پہ آ رہا تھا کہ چھ بچے ہیں اور جب ہم نے Investigate کیا تو وہ دو تھے اور وہ دونوں غلط ویکسین کی وجہ سے ان کی Death نہیں تھی جو مجھے انفارمیشن دی گئی ہے، بہر حال چونکہ Premature بچے پیدا ہوئے تھے، وہ Already critical condition میں تھے اور اس کی وجہ سے ان کی Death ہوئی تھی اور اس میں Already investigation، ہم نے انکوائری آرڈر کر دی ہے، ایک دو دن میں اس کی رپورٹ آ جائے گی، تو ان شاء اللہ جو Facts ہوں گے، وہی سامنے رکھے جائیں گے، جہاں پہ غلطی ہوئی ہے کسی سے تو اس کے ساتھ بالکل گزارہ نہیں کیا جائے گا، اس پہ ہم بالکل کلیئر ہیں۔ میں نے ڈی ایچ او، ایم ایس، سیکرٹری ہمارا نیا آیا ہے، اس کو بھی میں نے انسٹرکشنز دے دی ہیں، ڈی جی نے Arrival نہیں کی ہے، ان شاء اللہ میرے خیال سے آج یا کل وہ Arrival کریں گے تو ان کو بھی یہ ٹاسک دے دیا گیا ہے کہ Facts finding جو بھی، ہمارے ساتھ شیئر کئے جائیں اور جو اگر کہیں پہ غلطی ہے تو اس کے ساتھ سختی کی جائے گی، اس کو معافی نہیں دی جائے گی۔ دوسری بات مولانا صاحب نے پولیو کے حوالے سے کی، آج ایک افسوسناک واقعہ ہوا کہ ایک پولیو ورکر جس کیلئے ہم دعا گو بھی ہیں، میں ہاسپٹل

میں اس سے مل کے بھی آیا ہوں کہ اس کو آج چارسدہ میں گولی سے مارا گیا، زخمی ہے، He is in critical condition اور چونکہ ہماری ممند ایجنسی ہے، اسی کے بارڈر پہ وہ Campaign کر رہے تھے، Volunteers تھے، موٹر سائیکل والے آئے، ان کے ساتھ گپ شپ لگائی اور پھر The person he shot the polio worker، So وہ Under treatment ہے، اس کیلئے ہم دعا گو ہیں۔ پولیو کے حوالے سے خیبر پختونخوا کی حکومت بالکل Focused ہے، اکیس اضلاع میں Campaign، ایک ہو رہی ہے پشاور میں، چارسدہ میں، ایک ایک دن کی Campaign ہو رہی ہے، ہم مانتے ہیں کہ پولیو کیسز بڑھ گئے ہیں اور نہ صرف خیبر پختونخوا میں، سب سے زیادہ فاٹا میں بڑھے ہیں، پھر کے پی میں، پھر باقی Provinces میں بھی بڑھے ہیں، اس کیلئے Comprehensive plan تیار کیا گیا ہے، Low transmission season start ہو گیا ہے جس میں ابھی ہم چل رہے ہیں، اس میں جتنی زیادہ ویکسی نیشن، جتنے زیادہ بچوں تک ہم رسائی ممکن بنائیں گے، اتنا ہی فیوچر میں ان شاء اللہ اچھے ریزلٹس ہمیں ملیں گے۔ اس کے حوالے سے ایک اور بات میں کرنا چاہتا ہوں کہ اگر ہم ایک ہی علاقے میں Campaign کریں گے اور باقی علاقوں میں یا پاس والے فاٹا میں یا باقی صوبے ہیں وہاں پہ Campaign effective نہیں ہو گی تو Automatically virus چونکہ Travel کرتا ہے ایک جگہ سے دوسری جگہ، تو اس کی وجہ سے پوری قوم کو اس سے خطرہ ہے۔ تو اس پہ حکومت بالکل سیریس ہے، Focussed ہے، کوئی Compromises نہیں ہیں اور نہ ہوں گی اور نہ غلطی کی گنجائش ہے، سیکرٹری خود جاتا ہے، میں جاتا ہوں، پوری ٹیم جاتی ہے، DCs کے ساتھ بھی ہماری میٹنگ ہوئی اور Recently چیف سیکرٹری صاحب نے ایک میٹنگ کی تھی اور ہم نے ڈی ایچ اوز کو کہا ہے کہ آپ کی جو Polio campaigns ہو رہی ہیں، اس کے اگر اچھے ریزلٹس نہیں ہوں گے تو اس کا Effect آپ کی اے سی آر پہ آئے گا کیونکہ اگر یہاں پہ کہیں کمی ہو گی تو یہ ہمارے مستقبل کا سوال ہے، ہمارے بچوں کا سوال ہے، ہماری آنے والی جنریشن کا سوال ہے تو اس پہ حکومت کوئی Compromise کرنے کیلئے تیار نہیں ہے، ہم بالکل Focused ہیں ان شاء اللہ اور ہم پرامید ہیں کہ پولیو کے خاتمے کیلئے ہم جدوجہد کر رہے ہیں۔ ہاں یہ ریکویسٹ میری پورے ہاؤس سے ہو گی، آنریبل ہاؤس کے جتنے بھی ممبرز ہیں کہ ان کے پورے جتنے بھی صوبے میں ضلعے ہیں، تقریباً ساروں میں مختلف Timing میں Campaigns ہوتی ہیں تو جب Campaigns ہوتی ہیں، اگر Motivation کیلئے یہ اپنے اپنے حلقوں میں ہوں گے اور تھوڑی سی ٹیم

کو سپورٹ دینے کیلئے ان کے ساتھ گراؤنڈ پہ چلے گئے تو میں ان کا شکریہ بھی ادا کروں گا اور یہ میری ریکوسٹ بھی سارے آنریبل ممبرز کو ہو گی کہ یہ ہم مل کے پولیو کے خاتمے کیلئے کام کریں تو میں شکر گزار ہوں گا ان شاء اللہ۔

نشانزدہ سوالات اور انکے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' کی طرف جاتے ہیں۔ جی، مفتی فضل غفور، 2012۔

* 2012 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر برائے مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ؛

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بونیر میں بیرون ممالک سے عطیہ کردہ بلڈوزرز وغیرہ کی بھاری مشینری کئی سالوں سے بے کار پڑی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ مشینری روز بروز خستہ حالی کی طرف جا رہی ہے اور اس کی حفاظت کرنا اور اس کو عوام کے مفاد کیلئے استعمال میں لانا محکمہ کی ذمہ داری ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس مشینری کی تعداد بمعہ نوعیت اور تخمینہ لاگت / قیمت کی تفصیلات فراہم کریں، نیز حکومت کب تک اس کو مفاد عامہ کیلئے زیر استعمال لائے گی؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) محکمہ مواصلات و تعمیرات ضلع بونیر کو (چائنا ایڈ) پارسا / پی ڈی ایم اے کی جانب سے سال 2010 میں مندرجہ ذیل مشینری عطیہ کی گئی ہے:

1. Truck with crane.
2. Bulldozers 160-KW
3. Bulldozers 100-KW
4. Excavators 180–KW
5. Excavators 124-KW

محکمہ سی اینڈ ڈبلیو بونیر کے پاس مذکورہ مشینری کے آپریٹرز اور ضروری سٹاف کی پوسٹیں نہ ہونے کی وجہ سے اس کو تاحال استعمال میں نہیں لایا جا سکتا ہے۔ تاہم مذکورہ سٹاف کی فراہمی کیلئے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو جلدی بندوبست کر رہا ہے تاکہ متعلقہ مشینری کی حفاظت کی جائے اور اسے مفاد عامہ کیلئے استعمال میں لایا جا سکے۔

(ب) مذکورہ مشینری تحصیل کالونی ڈگر ڈسٹرکٹ سیکرٹریٹ بلڈنگ میں محفوظ مقام پر رکھی ہوئی ہے، مشینری کو بہتر حالت میں برقرار رکھنے کیلئے محکمہ سی اینڈ ڈبلیو مذکورہ سٹاف کی فراہمی کا بندوبست کر رہا ہے۔

(ج) مشینری کی تعداد اور نوعیت کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

S. No.	Name of Machinery	Number
01	Truck with crane	One
02	Bulldozers 160-KW	One
03	Bulldozers 100- KW	One
04	Excavators 180-KW	One
05	Excavators 124-KW	One

چونکہ مذکورہ مشینری حکومت چائنا نے بطور AID فراہم کی تھی، لہذا اس کی تخمینہ لاگت کی تفصیل موجود نہیں ہے۔ آپریٹرز اور ضروری سٹاف کے مہیا ہونے کے بعد مندرجہ بالا مشینری کو زیر استعمال لایا جائے گا۔

مولانا مفتی فضل غفور: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سپیکر صاحب! دا ما چې کوم سوال کړے دے، دا زمونږ قومی اثاثه ده د دې صوبې، ډیر بهاری او ډیر هیوی مشینری زمونږ بونیر کښې هغه داسې پرته ده، هغه باران ته او دغه ته خرابیږی او فارن ایډ دے، چائنا نه راغلې ده۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! اگر آپ اس کو اردو میں بولیں تاکہ اکبر صاحب اس کو صحیح سمجھ سکیں۔

مولانا مفتی فضل غفور: جی جی، جی، ٹھیک ہے جی، میں اردو میں بولوں گا جی۔ تو یہ جو سوال میں نے اٹھایا ہے تو یہ ہمارے بونیر میں پی ڈی ایم اے پارسا کی جانب سے سن 2010ء میں جو مشینری دی گئی ہے چائنا کی طرف سے، تو وہ انتہائی قیمتی مشینری ہے اور وہ دیکھ بھال نہ ہونے کی وجہ سے وہ مشینری ضائع ہے۔ میں نے جو سوال کیا ہے، انہوں نے جواب تو دیا ہے لیکن بہر حال میں اس حوالے سے مطمئن اسلئے نہیں ہوں کہ نہ کوئی ڈیڈ لائن دی گئی ہے کہ کب ان کیلئے سٹاف Hire کیا جائے گا اور کب ان کو استعمال میں لایا جاسکے گا؟ میرے خیال میں اگر اس کو کمیٹی کو ریفر کریں گے تو بہتر ہو گا، جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جناب اکبر خان۔

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): شکریہ جناب سپیکر۔ جناب سپیکر! مولانا صاحب نے اس ایوان کی توجہ ایک بہت اچھے مسئلے کی طرف دلائی ہے، یہ صرف بونیر کا مسئلہ نہیں ہے، یہ ہمارے مختلف ڈسٹرکٹس کا یہ مسئلہ ہے کہ مشینری پڑی ہے اور وہ چل ہی نہیں رہی ہے۔ جناب سپیکر! یہ کچھ چھ سات سال آٹھ سال پہلے اباسین کے نام سے ایک کمپنی بنائی گئی جس کا کام تھا کہ اس مشینری کو چلانا اور اس سے پیسے کمانا، تو پانچ چھ سال کے عرصے میں انہوں نے جناب سپیکر! صرف اکیس لاکھ روپے کمائے اور وہ بھی نتھیا گلی میں کوئی برف ہٹانے کا کام تھا اور کروڑوں روپے حکومت کے اس کمپنی کے اوپر لگ گئے، تو

میں نے جیسے ہی Takeover کیا جناب سپیکر! تو میں نے چیف منسٹر صاحب کو ایک سمری موو کی جو کل ہی سمری ہمیں Approve ہو کے آئی ہے جس میں جتنی بھی ختم مشینری ہے، Junk machinery ہے یا ایسی مشینری ہے جس کو چلانے میں اس کی قیمت سے زیادہ خرچہ ہوتا ہے، اس کو ہم بیچ رہے ہیں اور جتنے بھی ہمارے پاس سرپلس سٹاف ہو گا جناب سپیکر! وہ ہم جو یہ کھڑی ہوئی مشینری ہے، اس کے اوپر ہم ان شاء اللہ یہ ایک ہفتے کے اندر اندر مولانا صاحب! ہم سٹاف آپ کو بھیجیں گے اور یہ مشینری میں ابھی جناب سپیکر، SEs کے نیچے، سپرنٹنڈنگ انجینئرز کے نیچے سرکل میں دے رہا ہوں تاکہ جہاں جہاں جس ڈویژن میں چاہیئے ہو اور خصوصی طور پہ ہارڈ سرکلز، سوات ہو گیا، گلیات ہو گیا، دیر ہو گیا کیونکہ یہ مشینری جناب سپیکر! ابھی ہزاروں کی تعداد میں مارکیٹ میں رینٹ کیلئے موجود ہے، وہ زمانہ نہیں، اس زمانے میں مشینری لی جاتی تھی کیونکہ مارکیٹ میں مشینری Available نہیں ہوتی تھی اور ہم یہ ٹھیکیدار کو رینٹ کرتے تھے، آج وہ ہماری ضرورت نہیں ہے، یہ مشینری صرف ایمرجنسی ورکس کیلئے، برف کیلئے، لینڈ سلائیڈ کیلئے ان شاء اللہ استعمال کی جائے گی۔ اگلے ہفتے دس دنوں کے اندر مولانا صاحب! آپ کو ان شاء اللہ اس کے اوپر Activity نظر آئے گی۔

جناب سپیکر: جی، مولانا صاحب۔

مولانا مفتی فضل غفور: سٹاف کو باہر بھیجنے کی بجائے میرے خیال میں اگر اس کیلئے کوئی پوسٹیں آپ سینکشن کریں، بونیر میں بہت سے لوگ اس طرح ہیں، ماشاء اللہ وہ چلا سکتے ہیں اس طرح کی مشینریوں کو تو لوکل سٹاف وہاں پہ ہم لگائیں گے، وہاں لوگوں کو موقع بھی ملے گا ملازمت کا اور۔۔۔۔

مشیر مواصلات و تعمیرات: مولانا صاحب! یہ سٹاف نہ ہونے کی وجہ ہی یہ ہے کہ متعدد بار ایس این ایز گزشتہ ادوار میں بھیجنے کے باوجود ہمیں سٹاف نہیں دیا گیا، یہی وجہ ہے مشینری کے کھڑی ہونے کی اور اس کا حل ہم نے یہ نکالا ہے کہ ختم مشینری کو ہم بیچیں گے اور اس سٹاف کو ان شاء اللہ ہم آپ کیلئے استعمال کریں گے، آپ کی مشینری کیلئے۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! مفتی صاحب! ادھر، آپس میں اب شروع کریں۔ کوئسچن نمبر 2026، مفتی فضل غفور صاحب۔

* 2026 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر برائے مواصلات و تعمیرات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بونیر کو ضلع سوات سے ملانے والی اہم شاہراہ براستہ کلیل، راجگلئی موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ بین الاضلاعی شاہراہوں کو خیبر پختونخوا ہائی وے اتھارٹی سے منسلک کرنا محکمہ کی ذمہ داری ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ روڈ کو PKHA کے معیار کے مطابق بنانے کیلئے فنڈز کی منظوری ضروری ہے؛

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت نے مذکورہ روڈ کو PKHA کے معیار کے مطابق بنانے کیلئے کتنا فنڈ منظور کیا ہے، نیز کب تک حکومت اور محکمہ اسے PKHA سے منسلک کرے گا؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں۔

(ب) یہ ضروری نہیں ہے کہ تمام بین الاضلاعی سڑکیں PKHA کی تحویل میں دی جائیں۔ اس کیلئے باقاعدہ طور پر PKHA Council ہے جس کے چیئرمین وزیر اعلیٰ صاحب ہیں۔ PKHA Council کی میٹنگ میں جن سڑکوں کی منظوری Criteria کے تحت ہوتی ہے ان کو PKHA کے حوالے کیا جاتا ہے۔

(ج) مذکورہ روڈ کو PKHA کی معیار کے مطابق بنانے کیلئے فی الحال فنڈ مختص نہیں ہوا ہے اور نہ ہی یہ روڈ PKHA کی تحویل میں آیا ہے۔

(د) مذکورہ روڈوں کو PKHA کی تحویل میں لانے کا طریقہ کار جز (ب) میں بیان کیا گیا ہے۔

مولانا مفتی فضل غفور: زہ مطمئن یم جی، جواب سے مطمئن ہوں۔

جناب سپیکر: کوئسچن نمبر 2029 بھی آپ کا ہے۔

* 2029 _ مولانا مفتی فضل غفور: کیا وزیر بلدیات ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات کے زیر انتظام صوبہ بھر کے مختلف اضلاع میں ڈسٹرکٹ کونسل میں ایم سی ایس فنڈز سے مالی سال 14-2013 کی ترقیاتی سکیمز شروع کی گئی ہیں جبکہ عوامی مسائل سے باخبر منتخب نمائندوں نے بھی مناسب سکیمز کی نشاندہی کی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ترقیاتی فنڈز میں کسی قسم کا کوئی کمیشن نہیں لیا جاتا اور سکیم کی تکمیل پر بغیر کسی رکاوٹ کے ٹھیکیداروں کو بلز ادا کئے جا رہے ہیں؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو ہر ضلع میں کتنا فنڈ کس کس سکیم پر لگایا گیا ہے، سکیم کا نام اور موجودہ پراگریس پر مبنی تفصیلاتی رپورٹ فراہم کی جائے؟

جناب اکبر ایوب خان (مشیر مواصلات و تعمیرات): (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔
(ب) جی ہاں، یہ بھی درست ہے، ایسی کوئی شکایت کسی بھی آفیسر یا آفس کے بارے میں موصول نہیں ہوئی ہے، اگر معزز رکن صوبائی اسمبلی اس ضمن میں کسی کی نشاندہی کریں تو اس کے خلاف بروقت انضباطی کارروائی کی جائے گی۔
(ج) تمام لوکل کونسلوں کی سکیموں اور اس پر خرچ شدہ رقم کی تفصیلات فراہم کی گئیں۔
مولانا مفتی فضل غفور: جناب سپیکر! یہ ایک بہت بڑا اہم مسئلہ ہے، میں نے سوال اٹھایا ہے۔ "آیا یہ درست ہے کہ محکمہ بلدیات کے زیر انتظام صوبہ بھر کے مختلف اضلاع میں ڈسٹرکٹ کونسل میں ایم سی فنڈز سے مالی سال 14-2013 کی ترقیاتی سکیمز شروع کی گئی ہیں جبکہ عوامی مسائل سے باخبر منتخب نمائندوں نے بھی مناسب سکیمز کی نشاندہی کی ہے؟" جواب لکھا گیا ہے، جی ہاں یہ درست ہے اور میں نے پوچھا ہے کہ آیا یہ بھی درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ترقیاتی فنڈ میں کسی قسم کا کوئی کمیشن نہیں لیا جاتا اور سکیم کی تکمیل پر بغیر کسی رکاوٹ کے ٹھیکیداروں کو بلز ادا کئے جا رہے ہیں؟ جواب میں لکھا گیا ہے جی ہاں، یہ بھی درست ہے، ایسی کوئی شکایت کسی بھی آفیسر یا آفس کے بارے میں موصول نہیں ہوئی ہے، اگر معزز رکن صوبائی اسمبلی اس ضمن میں کسی کی نشاندہی کریں تو اس کے خلاف بروقت انضباطی کاروائی کی جائے گی۔ جناب سپیکر! دا یو ډیره اهمه ایشو ده جی او زه به دا غواړم چې ټریژری بنچ به هم مونږ دیکښې سپورټ کوی۔ ځکه مونږ او تاسو ټول په یو خبره باندې متفق یو او هغه دا چې د دې خپلو ادارو نه کرپشن او کمیشن چې دا کومې خبرې تلې دی چې دا مونږ پاک ئے کړو او دا ختمې کړو او دویم چې کوم د علاقو Representatives دی، نمائندګان دی نو پکار ده چې دا فنډ د Utilization د پاره د سکیمز Identification د هغوی پخپله باندې کوی او جناب سپیکر! زه به For example خپله ضلع را واخلم په دیکښې وړومبئ زما د ضلعې سکیمونه چې کوم دے دا شامل شوی دی نو په دیکښې جی تقریباً زما د حلقې څه اکیس سکیمونه دا دوئ ماته راکړې دې او په اکیس کښې صرف د نهه سکیمونو نشاندهی ما کړې ده او نور ما ته پته نشته چې په کومو کومو ځایونو کښې شوی دی۔ داسې غیر ضروری ځایونو کښې جی دا فنډ زمونږ استعمالیږی، زه په ډیر افسوس سره دا خبره کوم، د بیډمنټن کورټ د پاره جی زمونږ د ډسټرکټ کونسل نه بیس لاکھ روپې اوځی حالانکه زما سره هلته په هسپتال کښې

مریضانو ته دومره تکلیفونه دی، د هغوی د پاره واش رومونه، د هغوی د پاره باتھ رومونه، د هغوی د پاره نور مسائل، نو زما د پاره بیڼ منتن کورټ ډیر ضروری دے او که زما د پاره د هسپتال د مریضانو د هغوی خیال ساتل ډیر ضروری دی؟ هم د دې وجه بنیادی دا ده چې کله ایم پی ایز او Representatives هغوی Ignore شی، د سکیمیز په Identification کښې بیا خلق خپله من مانی کوی، لهذا زما به گزارش دا وی چې دا ډیر اهم سوال دے جی، بل د دې سره سره جی مونږ خو دا خبره کوؤ چې زمونږ د ادارو نه مونږ کرپشن او کمیشن وغیره دا ختم کړے دے خو زه ډیر په افسوس سره دا وایم جی چې دا یو داسې اداره ده، زما خپل فنډ چې پروسکلنے کوم، هغه لږ اخوا دیخوا چې کوم دے نو ملاؤ شوے وو، سپیکر صاحب! په هغې باقاعده Agreement شوے دے د کنټریکټرز او د ډسټرکټ کونسل د انتظامیې تر مینځهٔ، باقاعده ایگریمنټې شوې دی په دس فیصد کمیشن باندې نو دا خو ډیر لویه د افسوس خبره ده، اوس بعضې څیزونه داسې وی چې هغه په ریکارډ باندې راوستل مشکل وی خو کم از کم سړے په حالاتو باندې پوهیږی، سړے اوری، سړے هلته چې کوم دے هغه حالات وینی، لهذا زما به دا گزارش وی، دا کوئسچن به وی جی مونږ سټینډنگ کمیټی ته ریفر کړو او زما دا ټریژری بنچ والا ورونړه به هم ما سره په دیکښې ایگری شی، د دې به مونږ مکمل چې کوم دے نو هلته دغه به اوکړو بیا۔

<u>جناب سپیکر:</u> عنایت خان۔

<u>مفتی سید جانان:</u> جناب سپیکر! ضمنی، ضمنی، ضمنی۔

<u>جناب سپیکر:</u> ټهیک شوه خو عنایت جواب ورکړی کنه۔

(اس مرحلہ پر معزز اراکین جناب جعفر شاہ، مفتی سید جانان اور سلیم خان کھڑے ہوئے)

(شور)

<u>جناب سپیکر:</u> *آپ لوگ کتنے کھڑے ہو گئے، صرف تھری کوئسچنز ہو سکتے ہیں، سپلیمنٹری تین کوئسچنز ہو سکتے ہیں۔*

(شور)

جناب سپیکر: آپ دیکھیں، اس طرح تو نہیں ہوتا، مفتی صاحب! آپ بات کریں اور ایک ان میں سے کسی کو موقع دوں گا۔

مفتی سید جانان: زه جی خبره اوکړم۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زۀ منسټر صاحب نه دا ګزارش کوم، دا فنډ چوبیس اضلاع، یونین کونسل او میونسپل کمیټی کښې تقسیم شوے دے او اته اضلاع او یونین کونسلې داسې دی چې هغې کښې بالکل هم دے فنډ نه یوه روپۍ نه ده استعمال شوې، هغه جناب سپیکر صاحب! چترال دے، نوښهره، شانګله، تورغر، میونسپل کمیټی یونیورسټی روډ پشاور، چارسده، مردان، تخت بهائی، دغه ضلعې دی جناب سپیکر صاحب! زه منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې دا فنډ په کوم طریقه کار باندې استعمالیږی، دا چا چا ته ورکولے کیږی، د دې د تقسیم بنیاد څه دے؟ دویم جناب سپیکر صاحب! زه منسټر صاحب نه دا تپوس کوم چې دا فنډ به د صوبائی اسمبلئی ممبران خرچ کوی که دا فنډ به بل څوک خرچ کوی؟ دریم سوال زما د منسټر صاحب نه دا دے چې منسټر صاحب دا فنډ یو یونین کونسل کښې خرچ کیږی که دا به د تحصیل او د ضلع یونین کونسلو کښې خرچ کیږی؟ منسټر صاحب نه زما دا ګزارش دے، د دې وضاحت د لږ اوکړی۔

جناب سپیکر: ایک، فیصل صاحب اور پھر سلیم صاحب، فیصل صاحب۔

راجہ فیصل زمان: سر! میرا اس میں ضمنی کوسچن یہ ہے، ایک تو اس میں انفارمیشن Correct نہیں ہیں، اس میں جو سکیمیں دی گئی ہیں، میں اپنے ضلع کی بات کرتا ہوں، وہ Correct نہیں ہیں، میں منسٹر صاحب کی انفارمیشن کیلئے بتا رہا ہوں۔ دوسرا مجھے ان کی Credibility پہ، ان کے کام پہ کوئی شک نہیں ہے، Dead honest آدمی ہیں لیکن ان کو انفارمیشن غلط دی گئی ہیں۔ دوسری بات یہ کرنا چاہتا ہوں کہ ان کے ڈیپارٹمنٹ نے ہمارے ضلع میں بار بار آنریبل سپیکر سر! یہ لکھا ہے، یہ فنڈ تھرو اے ڈی لوکل گورنمنٹ تقسیم ہوگا اور وہ یونین کونسلز میں تقسیم کرے گا، بلکہ ڈی سی صاحب نے یہ فنڈ تقسیم کیا ہے، اے ڈی لوکل گورنمنٹ نے تقسیم نہیں کیا، یہ فنڈ اس وقت جب تقسیم ہوا ہے، اس وقت Discrimination ہوئی ہے، ہمارا مطلب کوئی وہ فنڈ واپس لینا نہیں ہے، ہمارا مقصد صرف آئندہ کیلئے کسی کے ساتھ زیادتی نہ ہو۔

جناب سپیکر: سلیم صاحب۔

جناب سلیم خان: شکریہ جناب سپیکر۔اس کوئسچن کے حوالے سے میری گزارش یہی ہے کہ محترم منسٹر صاحب سے ایک تو یہاں پہ جو سوال کیا گیا ہے کہ منتخب عوامی نمائندوں سے بھی سکیموں کی نشاندہی کے بعد وہ کیا گیا ہے، سر! میں اپنے ضلع کے بارے میں بات کر رہا ہوں کہ میرے ضلع میں سر! ڈسٹرکٹ کونسل فنڈ سے ہم وہاں سے تین، دوElected ہیں اور ایک ہماری محترمہ ہیں فوزیہ بی بی، ہمیں ٹوٹل اس فنڈ سے بالکل بے خبر رکھا گیا ہے اور یہ فنڈ ٹوٹل جی محترم منسٹر صاحب اپنے پارٹی کے لوگوں کے تھرو استعمال کر رہے ہیں، سر! یہ بہت بڑی زیادتی ہے، عوامی نمائندے ہم ہیں، عوام نے ہمیں منتخب کر کے اس اسمبلی میں بھیجا ہے، جبکہ اس فنڈ سے ہمیں بالکل کوئی شیئر نہیں ملتا ہے، بس یہ اپنی پارٹی کے تھرو کروا رہے ہیں تو اس سے جو ہمارا استحقاق ہے، وہ مجروح ہو رہا ہے۔ Secondly سر! سکیموں کی جو لسٹ اس کے ساتھ نہیں ہے، پتہ نہیں کونسی سکیمیں ہمارے ڈسٹرکٹ میں ہیں، اس میں شامل کئے گئے ہیں۔ تو Kindly یہ دو چیزیں ہمیں Provide کی جائیں۔

جناب سپیکر: عنایت خان۔

جناب بخت بیدار: نه جی، سر! ما له به ټائم را کوئ۔

جناب سپیکر: ابھی تو ہو نہیں سکتا ہے جی، جو رولز ہیں، رولز کے مطابق تین سپیلیمنٹری ہو سکتے ہیں (زیادہ) نہیں ہو سکتے۔ عنایت خان بات کریں۔

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔۔۔۔۔

جناب بخت بیدار: دا ډیره اهمه خبره ده او په دے باندې۔۔۔۔

جناب سپیکر: اس کے بعد آپ کو موقع دیں گے، دیکھیں جی رولز کے مطابق چلائیں گے جی، رولز کے مطابق چلائیں گے، اس طرح نہیں ہوگا، تین سپلیمنٹری کوئسچنز ہو سکتے ہیں۔ عنایت خان۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب۔ دوئ ته ټائم ورکړئ جی۔

جناب بخت بیدار: دیکښې د فنډونه خبره ده او ډیره اهمه خبره ده، تاسو اجازت راکړئ چې پرې خبره اوکړم۔

جناب سپیکر: ټائم ورکوم ورله۔

سینیئر وزیر (بلدیات): نه نه ټائم ورته ورکړئ، دوئ ته ورکړئ ټائم، (شور)
سپیکر صاحب! ټائم ورته وکړئ۔

جناب سپیکر: بخت بیدار صاحب! زه درله موقع درکوم (شور) زما لږه واوره نو، واوره، واوره، ته خو مشر ئې، مشر ئې، گزاره به هم کوې کنه۔ *تھری سپلیمنٹری کو کسیجز ہو سکتے ہیں، چلو میں رولز ریلکس کر کے آپ کو موقع دیتا ہوں، چلو بسم اللہ۔*

جناب بخت بیدار: په قانون پوهه يم خو تاسو هغه طرف نه خبره ځکه راواخسته چې زما نمبر پکښې را نشي (قہقہے) جناب سپیکر صاحب! ډیره مهربانی۔ زه دا وایم جی، تیر کال دې صوبائی حکومت لوکل گورنمنټ له زما حلقې له درې کروړه روپئ ورکړې دی، یو کروړ روپئ ما بجلئ له ورکړې، دوه کروړه روپئ په ټینډرو کښې لاړې، هغه یو ټینډر چې د دس لاکه روپو وو، هغه چې کوم ټهیکیدار واخستو زما او د منسټر صاحب حلقه او کلے کور، کلے یو دے، دوئ ته ښه پته ده، هغه یو ټینډر د دس لاکه په څلور لکهه روپئ باندې بل ټهیکیدار واخستو۔ بیا هغه ټهیکه بل ټهیکیدار په یو لاکه روپئ خرڅه شوه، بیا یو لاکه روپئ، یونیم لاکه روپئ کمیشن لاړو، ډیپارټمنټ واخستو، دوئ ترې ښهٔ خبر دی۔ آخری ټهیکیدار له خبره راغله، یو لاکه هغه اوگټلې، د لسو لکهو روپو سکیم صرف په دوه لکهه روپئ خلاص شوے دے (قہقہے) کنځل او سپورې وائنا کول دې معزز ممبرانو ته کیږی، که دیکښې څه غلط وی، زما خیال دے سپیکر صاحب! تاسو هم پرې پوهه يئ ځکه چې تاسو ته به هم فنډ راځی۔ دا خبره، دا درخواست ما شل ځله منسټر صاحب ته رسولے دے چې خدائے د پاره، ټهیک ده چې تاسو وایئ چې مونږ کرپشن ختموؤ، مونږ درسره اتفاق کوؤ، کله وایئ کنسلټنټس دی، چې کنسلټنټ له خبره راشی نو د دس کروړ روپو نه کم سکیم چې کوم دے دا به کنسلټنټ نه کوی، دا به ډیپارټمنټ کوی۔ کله وایئ چې زه غلط شوے یم، ما د یو کروړ روپو کنسلټنټ ته وئیلی دی چې د یو کروړ روپو پورې سکیم وی، هغه به لاندې ډیپارټمنټل کیږی، هغه پله به کنسلټنټ کیږی۔ دغه شان تاسو ما ته اووایئ په دې ټوله پیسه پنجاب ته لاړه کنسلټنټس ته، د پنجاب نه ئے کنسلټنټس ئے راغوښتی دی او هغه پیسه هلته لاړهٔ، پروسږ کال ته اوگوره چې

ستا نه هغه پچاسی ارب روپئ د دې صوبې نه Lapse شوی دی، سږ کال په جون کښې تاسو بجټ پاس کړے دے او اوسه پورې يوه خبنته په بله کښېنښودې شوه۔ دوه کوارټره خلاص شو، که دا حالات وی نو سپیکر صاحب! جواب به تاسو او جماعت اسلامی ورکوئ۔ ډیره مهربانی۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: عنایت خان۔آپ کے پاس چالیس منٹ،آپ کے پاس چالیس منٹ تھے۔

سینیئر وزیر (بلدیات): ہم تو جواب دینا چاہتے ہیں، سننے کا حوصلہ رکھیں، سننے کا حوصلہ رکھیں، جواب دینا چاہتے ہیں۔اصل میں جب سوال کے اندر ہم نے یہ لکھا ہے کہ کمیشن نہیں لیا جاتا ہے تو یہ ہم نے اس بنیاد پہ لکھا ہے کہ یہ کمیشن حکومتی منظوری سے اور Document کرکے نہیں لیا جاتا ہے، یہ کنٹریکٹر اور اس میونسپلٹی کے اہلکار کے درمیان ایک انڈرسٹینڈنگ ہوتی ہے (شور)

جناب سپیکر: بات سن لیں ناں جی، بات سن لیں۔

سینیئر وزیر (بلدیات): بخت بیدار خان نے جو بات کی ہے، وہ بھی بالکل درست کی ہے۔سچی بات یہ ہے، میرے دل کی بات انہوں نے کی ہے (تالیاں) اور یہ Subletting جو ہے، یہ Subletting بہت بڑی بیماری ہے، بہت بڑی بیماری ہے اور اس سے ہماری سکیموں کی بالکل حیثیت ختم ہو جاتی ہے، دس لاکھ کی سکیم ایک لاکھ روپے میں آجاتی ہے (تالیاں) اور یہ کمیشن بھی بہت بڑی بیماری ہے (تالیاں) یہ کمیشن بہت بڑی بیماری ہے اور ہمارے اس پورے سسٹم کی Body politic انہوں نے تباہ کر دیا ہے، جتنے بھی انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹس ہیں، وہ چاہے ایریگیشن ہو، ورکس اینڈ سروسز ہو، لوکل گورنمنٹ ہو، پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ہو، جب حکومت جواب دیتی ہے تو ریکارڈ پہ تو وہ چیزیں نہیں لی جاتی ہیں، حکومت اگر یہ کہے کہ ہاں کمیشن لیا جاتا ہے تو ریکارڈ پہ تو یہ چیزیں نہیں لی جاتی ہیں، اسلئے حکومت کو ان کے خلاف ایکشن لینے کیلئے پروسیجر چاہیئے اور پروسیجر یہ ہے کہ کنٹریکٹر آ کے حکومت کو کمپلینٹ کرے کہ مجھ سے فلاں ایم سی کے آفیسر نے یہ پیسے لئے ہیں۔ہم نے نیب کے پاس کیسز بھیجے ہیں جو پراونشل ہمارا احتساب کمیشن بنا ہے، انہوں نے Cognizance لیا ہے، لوکل گورنمنٹ کے ایمپلائز کو انہوں نے Arrest کیا ہے، انٹی کرپشن کے پاس ہم نے لوگ بھیجے ہیں، ڈیپارٹمنٹل انکوائریز ہم نے کی ہیں اور میں اگر کسی معزز ممبر کے ساتھ کوئی ایسا کنٹریکٹر Available ہو کہ وہ اس بات کیلئے تیار ہو کہ مجھ سے فلاں آفیسر نے پیسے لئے ہیں، تو اگر یہ اس پہ مطمئن ہوتے ہیں کہ

میں اس کو نیب کے پاس بھیجوں، نیب کے پاس بھیجوں گا۔ یہ اس پہ مطمئن ہوتے ہیں کہ میں اس کو جو پراونشل احتساب کمیشن ہے، اس کے پاس بھیجوں تو میں اس کے پاس بھیجوں گا۔ اگر یہ اس پہ مطمئن ہوتے ہیں کہ میں انٹی کرپشن کے پاس بھیجوں گا تو اس کے پاس، اگر اس پہ مطمئن ہوتے ہیں کہ ہم اس کو جو سٹینڈنگ کمیٹی آن لوکل گورنمنٹ ہے، میں اس کے پاس بھیجنے کیلئے تیار ہوں، اس میں بالکل میں ان کے ساتھ ہوں، اس میں میری طرف سے کوئی دوسری رائے نہیں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے اس سوال کے اندر دو ایشوز ہیں، ایک تو یہ ہے کہ کمیشن لیا جاتا ہے، میں بالکل ان کے ساتھ Agree کرتا ہوں کہ کمیشن لیا جاتا ہے لیکن کمیشن ریکارڈ پہ نہیں ہے، اس کے خلاف ہم ایکشن نہیں لے سکتے ہیں، جب تک کوئی چیز ریکارڈ پہ نہیں آتی ہے، حکومتی پروسیجر کے نیچے ہم اس کے خلاف ایکشن نہیں لے سکتے ہیں۔ دو چیزیں ہیں سٹینڈنگ کمیٹی آن لوکل گورنمنٹ یا کوئی سپیشل کمیٹی اس کیلئے آپ ترتیب دیں، وہ حکومت کو ایڈوائس کرے، وہ اس پہ سوچے، وہ اس پہ بیٹھے، ایکسپرٹس کے ساتھ وہ اس پہ وہ کرے کہ یہ کس طریقے سے کمیشن کو کنٹرول کیا جا سکتا ہے، ان کی سفارشات کو ہم Implement کریں گے۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ بعض جگہوں کے اندر فنڈز بعض لوگوں کو ملے ہیں بعضوں کو نہیں ملے ہیں، یہ فنڈز Basically ڈسٹرکٹ گورنمنٹ کے فنڈز ہیں، یہ وہ فنڈز نہیں ہیں جو صوبائی اسمبلی سے پاس ہوتے ہیں اور Provincial Consolidated Fund سے ریلیز ہوتے ہیں، یہ ان لوگوں کے اپنے ریونیوز ہیں، اس کے اندر جو ہم نے گائیڈ لائنز دی ہیں، اس میں ایم پی اے کا بھی نام نہیں ہے، کمیونٹی لکھی ہوئی ہے In the absence of elected local government اس کو کمیونٹی خرچ کرے گی۔ ہم یہ کرتے ہیں کہ اس میں ایم پی ایز سے بھی سکیمیں لیتے ہیں، ہم عام لوگوں سے بھی سکیمیں لیتے ہیں، پارٹی ورکروں سے بھی لیتے ہیں، اس کی میں بالکل کیونکہ Party worker is part of the society، وہ کوئی ایسے لوگ نہیں کہ مطلب پارٹی ورکروں کے کہنے پہ کام نہیں ہو سکتا ہے، وہ اگر کسی کام کی نشاندہی کریں تو وہ بھی ہوتے ہیں، یہ بالکل میں اس پہ کوئی انکار نہیں کرتا کہ یہ کام نہیں ہوتا ہے اور یہ بات بالکل درست ہے کہ بعض جگہ کوئی فارمولا ہم نے نہیں طے کیا ہے اور یہ فارمولا اس وجہ سے ہم نہیں طے کر رہے تھے کہ ہمارا الیکشن پائپ لائن میں تھا اور یہ فنڈز ہمارے فنڈز نہیں ہیں، اس کیلئے ہم کوئی فارمولا نہیں طے کر سکتے ہیں۔ اب دیکھیں، پچھلے سال جو فنڈز خرچ ہوئے ہیں، وہ تو خرچ ہوئے ہیں، وہ جس فارمولے کے تحت، جس انداز سے خرچ ہوئے ہیں، وہ خرچ ہوئے ہیں، اب ان فنڈز کے اندر ہم یہ کام کر سکتے ہیں

کہ جو On ground نہیں لگے ہیں، اس پہ ہم انکوائری کر سکتے ہیں، اس پہ ہم ان آفیسرز کو ان کنٹریکٹرز کو ان کو Accountable ٹھہرا سکتے ہیں، فیوچر کیلئے اس پہ میں کوئی Commitment اسلئے نہیں کر سکتے فارمولے پہ کہ ہم نے دو روز پہلے الیکشن کمیشن آف پاکستان کو لیٹر لکھا ہے اور اس میں ہمارے اور ان کے درمیان میں Agreements ہوئے ہیں، انہوں نے Inability show کی ہے کہ ہم بائیو میٹرک سسٹم کے تحت الیکشن اگلے دسمبر میں ہوں گے، 2015 دسمبر میں چونکہ ہم نے الیکشن کرنے تھے، ہمیں الیکشن کی ضرورت تھی، ہم نے ان کو لیٹر لکھا ہے کہ ہمارے لئے جلدی الیکشن کریں With Biometric کریں لیکن الیکشن ہمارے لئے کریں تو الیکشن، مطلب بالکل On the card، وہ بالکل نزدیک ہے، الیکشنز اپریل کے End تک ہونے والے ہیں، ظاہر ہے ان کے فنڈز نہیں خرچ کر سکتے ہیں، یہ ان لوگوں کے فنڈز ہیں اور اس کا ایک فارمولا موجود ہے، اس کو اس طرح نہیں Treat کیا جا سکتا جس طرح صوبائی حکومت کی اے ڈی پی کے فنڈز ہوتے ہیں، تو اس کے اندر تیسرا نکتہ یہ اٹھایا گیا ہے کہ اس میں انفارمیشن کی کمی ہے، سچی بات یہ ہے کہ یہ جو سوال کیا گیا ہے، وہ اس طرح مبہم نیچر کا ہے، آپ Clarity کے ساتھ سوال کرینگے، اس طرح کہیں گے، لوکل گورنمنٹ کے Through سی ایم کے ڈائریکٹیوز کے فنڈز بھی خرچ ہوتے ہیں، Special initiatives کے فنڈز بھی خرچ ہوتے ہیں، لوکل گورنمنٹ کے اندر پی ایف سی کے فنڈز بھی خرچ ہوتے ہیں۔ لوکل گورنمنٹ جو ہے، وہ جو اپنے ان کے ریونیوز ہوتے ہیں جو کہ بعض ضلعوں کے اندر ہوتے ہیں اور بعض کے اندر نہیں ہوتے، میرے اپنے ضلع کے اندر ریونیوز نہیں ہوتے ہیں، ان کے لوکل گورنمنٹ کے اپنے ریونیوز سے ڈیویلپمنٹ کیلئے کچھ نہیں بچتا ہے۔ لوکل گورنمنٹ Octroi اور ضلع ٹیکس گرانٹ میں بھی پیسے خرچ کرتی ہے، لوکل گورنمنٹ جو آپ کے گیس وغیرہ اس کی جو Development cess ہے، اس کے پیسے خرچ کرتی ہے، یہ سارے پیسے لوکل گورنمنٹ کے Through خرچ ہوتے ہیں۔ اگر Specific question ہو یا آپ کسی مد کی بات کرتے ہیں، لوکل گورنمنٹ کے تحت جو سارے فنڈز وہ خرچ ہوتے ہیں تو سب کی ہم تفصیل فراہم کریں یا کسی خاص مد کی لوکل کونسل کے اپنے فنڈز کی تو پھر ہمارے لئے آسانی ہوگی، اسلئے اس حوالے سے اس کوئسچن کے اندر اگر انفارمیشن کی تھوڑی کمی ہے تو یہ اس بنیاد پہ ہے کہ ہم اپنے جو فنڈز ہوتے ہیں، اس کو Respond کرتے ہیں کہ ہمارے اپنے فنڈز کیا ہیں؟ یا جو Octroi اور ضلع ٹیکس کی مد میں ہمیں آتا ہے، ہم اس پہ بحث کرتے ہیں۔ میری سر! گزارش ہے کہ اگر یہ چاہتے ہیں کہ کمیٹی کے اندر جائے، ویسے کمیٹی

کے اندر چلا جائے، مجھے اس پہ کوئی شک نہیں ہے، اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے، کمیٹی اگر مجھے سپورٹ کر سکتی ہے اور مجھے کوئی ایسی Recommendations دے سکتی ہے جس کے نتیجے میں میں کمیشن کو اور کرپشن کو ختم کر سکتا ہوں This is my agenda, I welcome it، اس کو میں ویلکم کرتا ہوں لیکن آپ اگر یہ سوال بھیجنا چاہتے ہیں کمیٹی کے اندر With the direction, with the ruling کہ یہ سوال بنیاد بنا کر کمیٹی اس پہ غور کرے، ان ڈیپارٹمنٹس کے اندر حکومت کو سفارشات دے کہ ان ڈیپارٹمنٹس کے اندر کمیشن کو Specially لوکل گورنمنٹ کے اندر کیسے ختم کیا جا سکتا ہے، Subletting کو کیسے روکا جا سکتا ہے، اس پہ سفارشات دے، اس پہ Recommendations دے اور ان Recommendations کو میں Implement کرونگا۔ اگر ان کے پاس Specific کسی کیس کے حوالے سے انفارمیشن ہے اور کنٹریکٹر اپنے آپ کو Offer کرتا ہے کہ میں گواہی دینا چاہتا ہوں، واللہ میں اس فلور آف دی ہاؤس پہ کہنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو جس ادارے کے پاس بھی ان کو بھیجنا چاہتے ہیں I am ready، ہم بھیج رہے ہیں، اپنے آفیسرز کو ہم بھیج رہے ہیں، ان کے خلاف ہم خود کیسز نیب اور پراونشل احتساب کمیشن، اینٹی کرپشن ڈیپارٹمنٹ ہم خود بھیج رہے ہیں اور میں فلور آف دی ہاؤس پہ اعلان کرتا ہوں کہ ہم بالکل اس میں کوئی وہ نہیں کرینگے، Relaxation نہیں کرینگے، کوئی نرمی نہیں بھرتیں گے، یہ میرا Response ہے، آپ خود Decide کرلیں، آپ ریفر کرنا چاہتے ہیں تو میں اپنی طرف سے، حالانکہ میں نے کاؤنٹ کر لیا ہے، جو ہمارے لوگ ہیں، ان کی تعداد پوری ہے لیکن میں اس پہ Resist نہیں کرنا چاہتا، میں چاہتا ہوں کہ اس پہ مجھے کوئی Solid input ملے۔ تھینک یو سر۔

جناب سپیکر: یہ کمیٹی میں اگر جائے تو۔۔۔۔۔

جناب جعفر شاہ: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی جی۔

جناب جعفر شاہ: زہ یو خبرہ کوم، بیا بہ مفتی صاحب۔۔۔۔

جناب سپیکر: جعفر شاہ! اوفرمایئ جی۔

جناب جعفر شاہ: تھینک یو۔ جناب سپیکر صاحب، یو خبرہ خو دا دہ چې It`s very honest on part of the Minister Sahib چې هغوی کم از کم یو نیم کال بعد

دا Confession اوکړو چې کرپشن کیږی، What's the methodology, what's
the strategy the government has so far made? ، یو خو مونږ ته د دې ځکه
چې دا ناسور دے او د دې ناسور د پاره لکه چې مونږ اورو چې کرپشن ختم
شوے دے او هغه حکومت پخپله وائی چې نه دے ختم شوے ، It`s very good
on the floor of the House۔ بله خبره جی دا چې منسټر صاحب دا خبره اوکړه
چې بلدیاتو د فنډ دا کومې پیسې چې دی، د دې د پاره به مونږ فارمولا ځکه
نشو جوړولے چې په اپریل کښې مونږ الیکشن کوؤ نو دا مالی سال خو ختم شو،
نو دا فارمولا به کله جوړیږی؟ It`s, again the funds will be lapsed، آنریبل
منسټر صاحب که په دې باندې دوه کوارټره Already lapsed شول نو لږ په دې
باندې وضاحت اوکړی جی۔

جناب سپیکر: مفتی صاحب! ته اوس وایه۔

مولانا مفتی فضل غفور: دا سټینډنګ کمیټۍ ته د ریفر شی۔

جناب سپیکر: سټینډنګ کمیټۍ ته! اوکے، میں اس کو سٹینڈنگ کمیٹی کو،
Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Yes’ and those who are against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it.

Senior Minister (Local Government): Hope with the recommendations to the government as how to curb the corruption, how to eliminate corruption, how to stop subletting, with the ruling, Sir.

جناب سپیکر: ٹھیک ہے، میں بالکل، یہ ToR جو ہیں نا، To curb corruption, to curb the evil of subletting of contracts. بریک کرتے ہیں نماز کیلئے۔

(اس مرحلہ پر ایوان کی کارروائی نماز عصر کیلئے ملتوی ہو گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: یہ پہلے چھٹی کی درخواستیں ہاؤس کے سامنے رکھتا ہوں: محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، پارلیمانی سیکرٹری 24-11-2014 کیلئے؛ جناب شکیل احمد صاحب، میڈم نسیم حیات 24-11-2014 کیلئے؛ جناب امتیاز شاہد قریشی صاحب، منسٹر 24-11-2014 کیلئے؛ جناب وجیہہ الزمان صاحب، ایم پی اے 24-11-2014 کیلئے؛ جناب عزیز اللہ خان صاحب، ایم پی اے 24-11-2014 و 25-11-2014؛ جناب سردار ظہور صاحب، ایم پی اے 24-11-2014 کیلئے؛ جناب ضیاء الرحمان صاحب 24-11-2014 کیلئے؛ جناب صالح محمد صاحب 24-11-2014 کیلئے؛ جناب سعید گل صاحب 24-11-2014 کیلئے؛ جناب ملک بہرام خان صاحب 24-11-2014 کیلئے؛ جناب رشاد خان صاحب 24-11-2014 تا 26-11-2014؛ جناب اکرام اللہ خان گنڈاپور 24-11-2014 تا 26-11-2014؛ جناب افتخار مشوانی، ایم پی اے 24-11-2014 کیلئے؛ محترمہ نگینہ خان صاحبہ، ایم پی اے باقی ماندہ اجلاس کیلئے۔ منظور ہیں جی؟

(تحریک منظور کی گئی)

تحاریک التواء

جناب سپیکر: ایڈجرنمنٹ موشنز: مسٹر سکندر حیات خان شیرپاؤ، ایم پی اے، یہ اس کے بعد آپ کرلیں گے۔ سکندر خان۔

Mr. Sikandar Hayat Khan: Thank you, Mr. Speaker Sir. The prevailing law and order situation in the Province is getting worse day by day. Target killing, extortion and kidnapping for ransom are on the rise. The proceedings of the House may be adjourned and detailed discussion may take place on the law and order situation.

زه ستاسو مشکور یم جناب سپیکر! چې تاسو ماله په دې اهم موضوع باندې موقع راکړه. ما نه مخکښې جناب سپیکر! نن سحر هم محترم لیډر آف اپوزیشن لطف الرحمان صاحب هم په دې باندې خبرې اوکړې او بعض سټیټسټکس ئے پیش کړل. بنیادی طور باندې جناب سپیکر! لاء اینډ آرډر او Safety of the citizen چې دے، دا د سټیټ یو Prime responsibility کښې راځی او دا په کانسټی ټیوشن کښې Fundamental rights کښې پورشن کښې هم دا Guaranteed دے خو جناب سپیکر! که مونږ اوګورو د آئین رو سره خو دا ذمه داری جوړیږی خو که هسې هم دا اوګورو، چونکه لاء اینډ آرډر هر څه Effect

